# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 30 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۰ ؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاستی تعلیمی، تحقیقی وتربیتی کونسل کی جانب سے تیسری تا بارہویں جماعت کا نصابی مسودہ شائع۔

☆ مرکزی انتخابی افسر راجیو کمار کی پارلیمانی انتخابات کے سلسلے میں رائے دہندگان سے غلط معلومات اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل۔

☆ کانگریس پارٹی کا ریاست میں خشک سالی کے حالات کا معائنہ کرنے کیلئے خصوصی دورہ کا اعلان؛ 31 مئی سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں ہوگا دورہ کا آغاز۔

☆ لاتور میں گٹکے کے کارخانے پر پولس کا چھاپہ، تقریباً تین کروڑ روپئے مالیت سے زیادہ کا سامان ضبط۔

☆ اور۔۔۔ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی کاشتکاری کیلئے ڈرون کے ذریعے ادویات چھڑکاؤ کی مہم۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی تعلیمی، تحقیقی وتربیتی کونسل نے ریاست میں جماعتِ سوّم تا بارہویں کے نصاب کا مسودہ شائع کیا ہے۔ اس مسودے میں قومی تعلیمی مسودہ 2023 کی دفعات کو مدنظر رکھا گیا ہے اور ریاست کے مطابق جزوی طور پر ترمیم کی گئی ہے۔ پہلی سے دسویں تک مراٹھی اور انگریزی زبانیں لازمی کی گئی ہیں، جبکہ جماعتِ ششم سے ہندی، سنسکرت اور دیگر ملکی یا غیر ملکی زبانیں سیکھنے کا اختیار دیا گیا ہے، جبکہ گیارہویں اور بارہویں کے نصاب میں دو زبانیں شامل ہوں گی۔ تیسری جماعت سے آٹھویں جماعت تک پری ووکیشنل اسکل ایجوکیشن' جبکہ جماعتِ نہم سے خصوصی ووکیشنل تعلیم کی سہولت دستیاب ہوگی۔ ریاضی اور سائنس کے مضامین میں دو سطحی کورسیز فراہم کرنے کا تصور اور بین الضابطہ تعلیم کے تحت ماحولیاتی تعلیم کو شامل کرنے کی تجویز اس مسودے میں شامل کی گئی ہے۔ اسی طرح قدیم بھارتیہ تعلیم، اور اخلاقی اقدار کا علم، جسمانی اور ذہنی صحت، تعلیمی اور پیشہ وارانہ رہنمائی، ٹیکنالوجی سے متعلق تعلیم وغیرہ بھی مسودے میں شامل ہیں۔ ریاستی تعلیمی وتحقیقی کونسل کی ویب سائٹ پر موجود اس مسودے پر تمام سماجی حلقوں، اساتذہ، والدین، ماہرین تعلیم، تعلیمی ادارے اور دیگر تمام متعلقہ شعبوں سے آئندہ تین جون تک اپنی رائے دینے کی درخواست کونسل نے کی ہے۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی تشہیری مہم کا آج آخری دن ہے۔ اس مرحلے میں سات ریاستوں اور ایک مرکز کے زیر انتظام علاقے کے 57 انتخابی حلقوں میں آئندہ یکم جون کو چناؤ ہوگا۔

دریں اثنا، گزشتہ سنیچر کو ہوئے لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 58 انتخابی حلقوں میں 63 اعشاریہ 37 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کے سلسلے میں، مرکزی انتخابی افسر راجیو کمار نے رائے دہندگان سے غلط معلومات اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ رائے دہندگان کے مختلف شبہات کے ازالے کیلئے انتخابی شعبے کی ویب سائٹ پر تمام سوالات کے جوابات دیے گئے ہیں۔ ویب سائٹ پر موجود تمام معلومات اور کمیشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تفصیلات و اعلامیہ کا جائزہ لینے کے بعد رائے دہندگان کو شکوک و شبہات سے گریز کرنے کی درخواست مرکزی انتخابی افسر نے اپنے ایک ٹویٹ پیغام میں کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے روزنامہ سامنا کے نائب مدیر اور راجیہ سبھا کے رکنِ پارلیمان سنجے راؤت کو ہتکِ عزت کا قانونی نوٹس جاری کیا ہے۔ لوک سبھا انتخابات میں پیسوں کا استعمال کرنے کا الزام لگانے کی پاداش میں یہ نوٹس بھیجا گیا ہے اور راؤت کی جانب سے آئندہ تین دنوں میں عوامی سطح پر معافی نہ مانگنے پر روزنامہ سامنا کیخلاف قانونی کارروائی کا انتباہ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پونے کے پورشے کار حادثے کے معاملے میں سسون اسپتال کے دو ڈاکٹروں اور ایک ملازم کو ملازمت سے معطل کر دیا گیا ہے۔ گزشتہ روز پولس انتظامیہ نے ان تینوں کو معطل کرنے کی تجویز محکمہ صحت کو بھیجی تھی۔ دریں اثنا، عدالت نے اس معاملے میں نابالغ ملزم کی ضمانت کی درخواست پر سماعت یکم جون تک ملتوی کر دی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے ریاست میں خشک سالی کی صورتحال کا معائنہ کرنے کیلئے دورے کا اعلان کیا ہے۔ اس معائنہ دورے کا آغاز کل 31 مئی سے ہوگا۔ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر سے اس دورے کی شروعات ہوگی۔

دریں اثنا، پونے کے پورشے کار حادثے کے معاملے کی تحقیقات کیلئے مقررہ کردہ خصوصی تفتیشی افسر ڈاکٹر پلوی ساپڑے پر بدعنوانی کے کئی الزامات ہونے کی تنقید نانا پٹولے نے کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور پولس نے جعلی گٹکا بنانے والے کارخانے پر چھاپہ مار کر تقریباً تین کروڑ روپئے مالیت سے زائد کا سامان ضبط کر لیا۔ صنعتی علاقے کی کومبڑے ایگرو ایجنسی کے گودام پر چھاپہ مار کر یہ کارروائی کی گئی۔ اس معاملے میں مرکزی ملزم وجے کیندرے اور دو بیرون ریاستی شہریوں سمیت جملہ سات افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے نابالغ بچوں کی ڈرائیونگ سے ہونے والے حادثات کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ گزشتہ روز ضلع اور پولس انتظامیہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ کلکٹر سوامی نے نابالغ بچوں کی شراب نوشی اور گاڑی چلانے کے معاملات پر قدغن لگانے کیلئے مشترکہ دستے تشکیل دیکر پرمٹ رومز، بیئر بار، شراب کی دکانوں اور گاڑیوں کی جانچ کرنے سمیت والدین اور بچوں کی ذہن سازی کرنے کی ہدایت بھی دی۔

***** ***** *****

پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی اور واگوگرین کمپنی کے اشتراک سے ''ڈرون ٹیکنالوجی آپ کے دروازے پر'' تصور کے تحت کاشتکاری کیلئے ڈرون سے چھڑکاؤ کی مہم چلائی جارہی ہے۔اس مہم کے تحت کاشتکاروں کوادویات چھڑکاؤ کیلئے انتہائی کم کرائے پر ڈرون دستیاب کرائے جارہے ہیں اور کئی دیہاتوں میں ڈرون کے ذریعے چھڑکاؤ کا تجربہ کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع پریشد میں ای۔آفس نظام کے ذریعے کام کاج شروع کردیا گیا ہے۔جس کے بعد یہ ضلع پریشد بغیر کاغذ کے دفتری کام کرنے والی مراٹھواڑہ کی اوّلین ضلع پریشد بن گئی ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں خریف ہنگام کی تیاریوں کا آغاز ہو چکا ہے اور ضلع میں بیج کی فروخت کی نگرانی کیلئے تعلقہ اور ضلعی سطح پر فلائنگ دستے تیار کیے گئے ہیں۔ضلع زرعی سپرنٹنڈنٹ افسر آرٹی جادھو نے مخصوص بیجوں کے مطالبے کی بجائے دستیاب اعلیٰ معیاری بیجوں کا ہی استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں زراعت سے متعلق شکایتوں کے ازالے کیلئے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔کسانوں کو اعلیٰ درجے کے زرعی بیج' کھاد اور کیڑے مار ادویات بر موقع اور مناسب نرخوں میں فراہم کرنے کیلئے اور ان اشیا کی تعلقہ وار تقسیم کو بہتر بنانے کیلئے یہ کنٹرول روم کام کرے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو تعلقے کے پولس پاٹل تجدید معاملہ میں افسر' منڈل افسر اور تلاٹھی کیخلاف غیر قانونی طور پر مقدمہ درج کرنے کی مخالفت میں مختلف تنظیموں کی جانب سے دھاراشیو تحصیل دفتر کے سامنے کل احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ضلع کلکٹر کو دیئے گئے محضر نامے میں کہا گیا کہ بغیر کسی تحقیق تلاٹھی اور منڈل افسران کی گرفتاری غلط ہے اور متعلقہ پولس افسران کے خلاف فوراً مقدمہ درج کیا جائے۔

***** ***** *****

پربھنی میں موٹر سائیکل چوری کرنے والے شخص کو پولس نے گرفتار کرلیا۔ملزم کے قبضے سے اب تک بیڑ، پرلی، لاتور، مروڑ، بارشی اور شولاپور سے سرقہ کی گئیں 20 موٹر سائیکلیں ضبط کی گئی ہیں اور عدالت نے ملزم کو چار دِن کی پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں عظیم الشان دھمّ میلہ اور مشہور گلوکار اجئے دیہاڑے کے بدّھ اور بھیم گیتوں کا پروگرام منعقد ہوا۔گوتم بدھ کی کردار نگاری کرنے والے دھمّ پدیاترا کے مجسمہ ساز گگن ملِک سمیت دیگر معززین اس موقعے پر موجود تھے۔

***** ***** *****

ناروے میں جاری شطرنج مقابلوں میں بھارت کے آر پرگیا نند نے اوّل درجہ کے ناروے کے میگرس کارلسن کو تیسرے راؤنڈ میں شکست سے دوچار کیا۔پرگیا نند اب پانچ اعشاریہ پانچ پوائنٹس کے ساتھ ٹورنامنٹ میں سرفہرست ہیں۔

***** ***** *****

سنگاپور اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں خواتین اور مردوں کے سنگلس مقابلوں میں بھارتی کھلاڑیوں نے فاتحانہ آغاز کیا ہے۔خواتین سنگلس کے پہلے راؤنڈ میں پی وی سِندھو نے ڈینمارک کی کھلاڑی کو 22-20, 21-12 سے، جبکہ مردوں کے سنگلس مقابلے میں ایچ ایس پرنائے نے جرمنی کے کھلاڑی کو 21-9, 18-21, 21-9 سے شکست دی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاستی تعلیمی، تحقیقی وتربیتی کونسل کی جانب سے تیسری تا بارہویں جماعت کا نصابی مسودہ شائع۔

☆ مرکزی انتخابی افسر راجیو کمار کی پارلیمانی انتخابات کے سلسلے میں رائے دہندگان سے غلط معلومات اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل۔

☆ کانگریس پارٹی کا ریاست میں خشک سالی کے حالات کا معائنہ کرنے کیلئے خصوصی دورہ کا اعلان؛ 31 مئی سے چھترپتی سمبھاجی نگر سے ہوگا دورہ کا آغاز۔

☆ لاتور میں گٹکے کے کارخانے پر پولس کا چھاپہ، تقریباً تین کروڑ روپئے مالیت سے زیادہ کا سامان ضبط۔

اور۔۔۔☆ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی کاشتکاری کیلئے ڈرون کے ذریعے ادویات چھڑکاؤ کی مہم۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****